© rasailojaraid.com

# سونے پر سہاگہ

## رمضان المبارک میں

نیکی کا ماحول ہمیں نیکی کی طرف بلاتا اور کھینچتا ہے

اگر ہم اس کے ساتھ اپنے ارادے اور منصوبہ بندی کو بھی شامل کر لیں تو---(سونے پر سہاگہ!)

- قرآن کے جو حصے بھولے ہوئے ہیں، فہرست بنا کر انھیں یاد کرنے اور نمازوں میں پڑھنے کا اہتمام۔ کچھ نئے حصے بھی یاد کریں
- نمازوں میں حضوری قلب کی حتی المقدور شعوری کوشش (مرد جماعت ہی نہیں تکبیر اولیٰ کا اہتمام کریں اور خواتین بروقت ادائیگی کا)
- موقع کی روز مرہ دعاؤں کا التزام (جاگنے سے سونے تک، کم سے کم ۱۲ دعائیں روزانہ کریں)
- ۶ اذکار کا محترم خرم مرادؒ کا نصاب صرف ۵ منٹ چاہتا ہے۔ کوئی وقت طے کر لیں، پھر پابندی کریں (اس کا کارڈ منشورات سے حاصل کریں)
- استغفار کو اپنا شعار بنا لیں، گناہوں سے بچنے کا مجرب نسخہ ہے

یہ کام آپ سے زیادہ وقت نہیں مانگتے، صرف توجہ اور ترجیح چاہتے ہیں۔

ان کے التزام سے تمام سرگرمیوں میں رضائے الٰہی کی نیت رہے گی۔ اللہ تعالیٰ اپنی توجہ آپ کی طرف کر دے گا، آخرت میں تو جو نوازے گا سو نوازے گا، اس دنیا میں بھی:

وقت میں برکت دے گا، مال میں برکت دے گا، پریشانیوں سے بچائے گا، بیماریوں سے محفوظ رکھے گا، شفا عطا کرے گا، اولاد کی طرف سے سکھ دے گا، عبادت، انفاق، ادائے حقوق اور دین کے لیے جدوجہد کی توفیق دے گا۔ آپ کی دعائیں قبول کرے گا۔

تعمیر سیرت کا یہ سنہرا موقع، ضائع نہ کریں۔

ایک ماہ میں جو کام تھوڑی سی توجہ سے ہو سکتا ہے، دوسرے ۱۱ مہینوں میں بڑی محنت چاہتا ہے

---اور اجر بھی ۷۰۰ گنا!

جان لیجیے کہ ہم محروم رہنا چاہیں تو کوئی دوسرا ہماری مدد کو نہیں آئے گا۔

(خیر خواہ)

© rasailojaraid.com